**08.11.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
Music

.......................................................................

☆ جھارکھنڈاورمہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹنگ کی تاریخ قریب آنے کے ساتھ ہی انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر میں ریلیاں کیں اور کہا کہ BJP اور مہایوتی، کسانوں کی خوشی اور ملک کی خوشحالی کے تئیں عہد بند ہیں۔
☆ کانگریس کے سینئر لیڈر، راہل گاندھی نے الزام لگایا ہے کہ BJP قبائلی لوگوں سے زمین اور جنگل چھیننا چاہتی ہے۔
☆ روس کے صدر ولادیمیر پتن نے بھارت کو ایک فطری ساتھی قرار دیا ہے اور اس کی اقتصادی لیڈر شپ کی ستائش کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت دنیا کے سوپر پاوَر ملکوں میں شامل ہونے کا حقدار ہے۔
☆ پاکستان کے شہر لاہور میں ہوا کے معیار کا اشاریہ ایک ہزار سے اوپر تک پہنچ گیا ہے۔ صوبۂ پنجاب میں دھنواں اور دھند کی وجہ سے ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے۔
☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور کیرالہ میں تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
☆ اور کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان ڈَربن میں پہلا ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ جاری ہے۔

.......................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***Campaigning Maha Jharkhand***

جھارکھنڈ اور مہاراشٹر دونوں ریاستوں میں پولنگ کی تاریخ قریب آتے ہی اسمبلی انتخابات کیلئے چناوَ مہم میں کافی تیزی آگئی ہے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے دونوں ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں اور ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔ مہاراشٹر میں وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج دھولے اور ناسک میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز میں NDA سرکار اور ریاست میں مہایوتی حکومت، پسماندہ اور محروم طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے پُرعزم ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ریاست میں 50 لاکھ خواتین کو اجولا یوجنا کے تحت مفت LPG گیس کنکشن فراہم کیا گیا ہے۔

PM Modi- Yojna

جناب مودی نے مہاراشٹر میں کسانوں کیلئے مرکزی حکومت اور مہایوتی سرکار کے اقدامات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے حکومت کی حصولیابیوں کے طور پر اٹل Setu، وادھون بندرگاہ، سمردھی مہا مارگ اور ممبئی میٹرو جیسے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کو پیش کیا۔

PM- Nasik- Infrastructure

دوسری طرف BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ریاست کے سانگلی ضلع میں Shirala کے مقام پر ایک انتخابی ریلی کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Nisha Raney

Karad اور Saugli میں دو الگ الگ ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں مہاراشٹر کی عوام BJP-شیوسینا-این سی پی کے اتحاد کو ووٹ دے گی۔ BJP کے رہنما اور مرکزی وزیر Kiran Rijiju نے ممبئی اور Thane میں پہنچ کر ووٹروں سے بات چیت کی اور مہایوتی اتحاد کے امیدوار کیلئے ووٹ مانگے۔ شیوسینا کے رہنما اور وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے Solapur اور Dharashiv اضلاع میں چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ اپوزیشن اتحاد کی جانب سے شیوسینا UBT کے سربراہ اُدھوٹھاکرے نے Buldhana میں انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ جس میں انھوں نے الزام لگایا کہ مہایوتی اتحاد کے شرکاء متحد نہیں ہیں۔ (NCP (SP کے رہنما شرد پوار، Supriya Sule اور Jayant Patel نے آج کئی ریلیاں کیں جبکہ MNS کے سربراہ راج ٹھاکرے نے Guhagar میں چناؤ مہم میں حصہ لیا جہاں انھوں نے Konkan کی سیاحت کو فروغ دینے سے متعلق بات کی۔

Nisha Raney کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل خان

جھارکھنڈ میں کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے آج Simdega میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

انہوں نے BJP پر قبائلی لوگوں سے 'جل، جنگل اور زمین' چھیننے کی کوشش کرنے کا الزام لگایا۔ جناب گاندھی نے جھارکھنڈ اسمبلی چناؤ کو آئی این ڈی آئی اے- بلاک اور BJP-RSS کے درمیان نظریے کی لڑائی قرار دیا۔ راہل گاندھی نے کہا کہ اگر کانگریس پارٹی اقتدار میں آتی ہے تو وہ ذات کی بنیاد پر مردم شماری اور ریزرویشن کی زیادہ سے زیادہ حد 50 فیصد کو ہٹانے کو یقینی بنائے گی۔

Rahul Gandhi-Adivasi

کھرساواں میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے جھارکھنڈ اسمبلی چناؤ کے شریک انچارج ہیمنت بسوا سرما نے راہل گاندھی پر ہندو معاشرے کو تقسیم کرنے کا الزام لگایا۔

Heman Biswa Sharma

لاتیہار میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر رہنما اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے الزام لگایا کہ BJP، دلت مخالف پارٹی ہے۔

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے لاتیہار میں ریلی سے خطاب کیا، جبکہ مرکزی وزیر گری راج سنگھ

نے جمشید پور میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ چترا میں RJD کے سینئر لیڈر تیجسوی یادو نے لوگوں سے آئی این ڈی آئی اے- بلاک کے امیدواروں کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل کی۔

آل جھارکھنڈ اسٹوڈنٹس یونین اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنما بھی ریاست کے مختلف علاقوں میں چناؤ ریلیوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ جھارکھنڈ میں 81 رکنی اسمبلی کے انتخابات، اِس مہینے کی 13 اور 20 تاریخ کو دو مرحلوں میں ہوں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

## President-Vigilance Awareness Week

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بدعنوانی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی حکومت کی پالیسی سے بدعنوانی کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دیانت داری اور ڈسپلن کو بھارتی سماج میں زندگی کے اقدار کی حیثیت حاصل ہے۔ صدرجمہوریہ نئی دلی میں ایک تقریب سے خطاب کررہی تھیں، جس کا انعقاد سینٹرل ویجی لینس کمیشن CVC کے بیداری ہفتے 2024 کے موقع پر کیاگیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی ایک بیماری ہے، جس کا جڑ سے خاتمہ کردیا جانا چاہیئے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت نے بدعنوانی پر قابو پانے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔

S/B President Corruption

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی ویجی لینس کمشنر آر کے سریواستو نے اس موقع پر کہا کہ حکومت نے، بدعنوانی کے تیئں ہرگز برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنائی ہوئی ہے۔x

## Jaishankar Singapore

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت اور آسیان کے درمیان، اشتراک کی دفاعی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کی آبادی کے تناسب اور ابھرتی ہوئی مانگوں سے عالمی معیشت میں باہمی مدد مل سکتی ہے اور یہ اہم بنیادیں بن سکتی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر آج سنگاپور میں دانشوروں کے، آسیان- بھارت نیٹ ورک کی آٹھویں گول میز کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور آسیان ملکوں کے درمیان تعاون، جدید چیلنجوں سے نمٹنے میں اہمیت کا حامل ہوسکتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کنکٹویٹی کے نئے اقدامات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مشرق کے لیے سہ ملکی شاہراہ پروجیکٹ، بھارت-مشرق وسطیٰ-یوروپ راہ داری IMEC اور بین الاقوامی شمال-جنوب ٹرانسپورٹ راہ داری INSTC جیسے میدانوں میں بھارت کے بڑے عزائم کو اجاگر کیا۔

وزیر خارجہ نے اِس سے پہلے دن میں اپنے سنگاپور دورے کا آغاز ملک کے نائب وزیر اعظم، اور تجارت وصنعت کے وزیر Gan Kim Yong سے ملاقات سے کیا۔

میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے جدید دو طرفہ شراکت داری کے طور طریقوں پر بات چیت کی، جس میں صنعتی پارکس، اختراع اور سیمی کنڈکٹرس جیسے شعبوں پر توجہ دی گئی۔x

## South Asia Tourism Leadership Forum

سری لنکا میں بھارت کے ہائی کمشنر سنتوش جھا نے کہا ہے کہ کچھ شعبوں میں کنکٹویٹی، یعنی رابطہ، سیاحت میں اہم رول ادا کرتا ہے اور اس میں ڈیجیٹل کنکٹویٹی بھی شامل ہے۔ کولمبو میں جنوب ایشیائی سیاحتی لیڈر شپ فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب جھا نے کہا کہ بھارت اور سری لنکا کے درمیان شراکت داری میں کنکٹویٹی ایک اہم عنصر رہی ہے۔ ہائی کمشنر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت کی ڈیجیٹل ترقی خاص اہمیت کی حامل ہے اور سری لنکا کو ڈیجیٹل شعبے سے اپنے آپ کو مربوط کرنے پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، سری لنکا کی سیاحت میں سب سے اہم رول ادا کرتا ہے اور ہر ہفتے بھارت اور سری لنکا کے درمیان ڈھائی سو سے زیادہ پروازیں آتی جاتی ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات صدیوں پرانے ہیں اور دونوں ممالک، تہذیبی اعتبار سے جڑواں ہیں۔ انھوں نے بھارت کے ذریعے حال ہی میں فراہم کئے گئے تعاون کا ذکر کیا اور کہا کہ سری لنکا کو بھارت کا تعاون بلاشرط اور کسی امید کے بغیر۔ جنوب ایشیائی سیاحتی لیڈر شپ فورم نے کولمبو میں سری لنکا ڈیزائن فیسٹیول کا انعقاد کیا ہے جس میں بھارت ایک شراکت دار ملک ہے۔x

## SC-AMU Minority

سپریم کورٹ کی، 7 ججوں پر مشتمل ایک بنچ نے آج 3 کے مقابلے 4 کی اکثریت سے، 1967 کے ایک فیصلے کے خلاف اپنا فیصلہ سنایا ہے۔ ایس- عزیز باشا بنام یونین آف انڈیا نام کا 1967 کا یہ فیصلہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (AMU) کی اقلیتی حیثیت سے انکار کی بنیاد بنا تھا۔ اس فیصلے میں کہا گیا تھا کہ کسی قانون کے تحت کوئی شامل کیا گیا ادارہ یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ وہ ایک اقلیتی ادارہ ہے۔آج سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ کوئی ادارہ اپنی اقلیتی حیثیت سے محض اس لیے محروم نہیں ہوسکتا کہ اُسے کسی قانون کے تحت تشکیل دیا گیا تھا۔فیصلے میں زیادہ تر ججوں نے کہا ہے کہ عدالت کو یہ ضرور چھان بین کرنی چاہیئے کہ کس نے یونیورسٹی قائم کی تھی اور اِس کے پیچھے کیا نظریہ کار فرما تھا۔اگر اِس چھان بین سے، اقلیتی برادری کا اشارہ ملتا ہے تو یہ ادارہ، آئین کی دفعہ 30 کے مطابق اقلیتی حیثیت کا دعویٰ کرسکتا ہے۔حقائق کی بنیاد پر دیے گئے اِس فیصلے کے لیے آئینی بنچ نے اِس معاملے کو ایک مستقل بنچ کے حوالے کردیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے وکیل اور درخواست گذار شادان فراست نے کہا کہ عدالت نے پیمانہ طے کردیا ہے کہ اقلیت کے ذریعے قائم کئے گئے ایک ادارے کیلئے کیا کیا ضروری ہیں؟

## Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں آج بیجاپور ضلعے کے Usur-Basaguda-Pamed علاقے میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں 3 ماؤنواز مارے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے ہلاک شدہ ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی ہیں۔ اِس کے علاوہ جائے وقوع سے ایک سیلف لوڈنگ رائفل SLR اور بڑی مقدار میں گولی بارود اور دیگر اسلحے برآمد کیے گئے ہیں۔ علاقے میں تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔ x

## PM Lal Krishna Advani

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج BJP کے آزمودہ کار لیڈر لال کرشن اڈوانی کو نئی دلّی میں واقع اُن کی رہائش گاہ پر اُن کی 97 ویں سالگرہ پر مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ یہ سال اور بھی زیادہ خاص ہے کیونکہ جناب اڈوانی کو ملک کے لئے ان کی گراں قدر خدمات کے لئے بھارت رتن سے نوازا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کی سب سے سرکردہ سیاسی شخصیات میں سے ایک جناب اڈوانی نے خود کو ملک کی ترقی کے لئے وقف کردیا۔ جناب مودی نے کہا کہ جناب اڈوانی ہمیشہ اپنی دانشورانہ سوچ اور بھرپور بصیرت کے لئے قابلِ احترام رہیں گے۔ جناب مودی نے اُن کی طویل اورصحت مند زندگی کیلئے دعا کی۔x

## Putin-India

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت اور روس، دہائیوں سے ایک دوسرے کے فطری ساتھی اور شراکت دار ہیں۔ صدر پوتن کل Sochi میں Valdai Discussion کلب سے خطاب کررہے تھے۔ جناب پوتن نے بھارت کو ایک عظیم ملک قرار دیتے ہوئے کہا کہ روس اور بھارت کے درمیان تعاون کو، سبھی شعبوں میں توسیع حاصل ہورہی ہے۔ صدر پوتن نے بھارت کی اقتصادی قیادت کی تعریف کی، جہاں GDP کی شرح ترقی سالانہ 7 اعشاریہ چار فیصد ہے۔ انہوں نے اپنی شراکت داری میں سال بہ سال اضافے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت دنیا کے سوپرپاوَر ملکوں میں شامل ہونے کا حقدار ہے۔x

## Pak Hazardous AQI

پاکستان میں پنجاب کی صوبائی حکومت نے ہوا کے خراب ہوتے ہوئے معیار کے پیش نظر لاہور اور آس پاس کے اضلاع میں پارکوں، چڑیا گھروں، کھیل کے میدانوں، تاریخی مقامات اور دوسری عوامی جگہوں پر عوام کی رسائی پر فوری طور پر پابندی عائد کردی ہے۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب لاہور کے ہوا کے معیار کے اشاریے کچھ جگہوں پر بڑھ کر ایک ہزار سے زیادہ ہوگئے ہیں اور اِسے دنیا کا سب سے آلودہ شہر بنا دیا ہے۔ پاکستان میں پنجاب کے ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی نے فضائی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافے کے بعد یہ ہدایات جاری کی ہے۔ ریاست بھر میں دھواں اور دھند کی ایمرجنسی میں تمام اسکول 17 نومبر تک بند رہیں گے۔ اسپتالوں میں سانس کی پریشانی سے آنے والے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں گل گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اِن علاقوں میں اِس ہفتے گرج چمک کے ساتھ بارش کی بھی توقع ہے۔ اگلے دو دنوں میں ہماچل پردیش میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ دلّی اور NCR میں بھی اگلے دو تین دنوں میں دھند اور کہرے کی توقع ہے۔x

## T20 Cricket

کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چار میچوں کی سیریز کا پہلا ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ ڈَربن کے Kingsmead کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری ہے۔

کچھ دیر پہلے تک بھارت 11 اوور میں 2 وکٹ کے نقصان پر 111 رن بنالئے تھے۔

اس سے پہلے جنوبی افریقہ نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

سوریہ کمار یادو بھارتی ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں جبکہ ایڈن مارکرم جنوبی افریقی ٹیم کے کپتان ہیں۔

بھارت فی الحال ICC مردوں کے ٹی-ٹوینٹی انٹرنیشنل ٹیم درجہ بندی میں سرفہرست ہے جبکہ جنوبی افریقہ چھٹے مقام پر ہے۔ بھارت نے اپنی آخری ٹی-ٹوینٹی سیریز میں مہمان ٹیم بنگلہ دیش کو تین-صفر سے شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆